نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت ملتان میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب فصلوں کو پہنچنے والے نقصان کے ازالہ کے لیے ایک خصوصی پیکج کا اعلان کریں گی، افتخار علی سہو

لاہور: **20 ستمبر 2025**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ملتان میں ایک خصوصی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں کپاس، دھان، مکئی، کماد، آم کے باغات اور دیگر فصلوں پر سیلاب کے نقصانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمان، ڈاکٹر عبدالقیوم، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، کاٹن گروور سید حسن رضا، خالد محمود کھوکھر، ڈاکٹر خالد حمید سمیت محکمہ زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غیر معمولی سیلاب کے باعث فصلوں پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں اور حالیہ فلڈ کی وجہ سے پنجاب کے 28 اضلاع میں فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ اس مقصد کے لیے سیلاب کے نقصانات کے تخمینے کی خاطر 2 ہزار سے زائد سروے ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جبکہ صوبے کے 3 ہزار سے زائد دیہات سیلاب کی زد میں آئے ہیں۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ خوش قسمتی سے کپاس کی فصل کا رقبہ سیلاب سے بہت کم متاثر ہوا ہے اور آئندہ چند روز میں فصلوں کے نقصانات کے تخمینے کی رپورٹ تیار کر لی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب فصلوں کو پہنچنے والے نقصان کے ازالہ کے لیے ایک خصوصی پیکج کا اعلان کریں گی۔ کپاس کی فصل کی بہترین نگہداشت کے حوالے سے کاشتکاروں کو رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے اور تقریباً دو ہزار نوجوان زرعی گریجویٹ انٹرنیز نے فیلڈ سرگرمیوں کا آغاز بھی کر دیا ہے۔

سیکرٹری زراعت نے ماڈل ایگریکلچر مال کے دورہ کے دوران آپریشنل سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ زرعی یونیورسٹیز کی فیکلٹی، طلبا، انٹرنیز، ترقی پسند کاشتکاروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو ماڈل ایگریکلچر مال کے تعارفی دورے کرائے جائیں گے۔

☆☆☆☆